# DGPR NEWS PAPER CLIPPINGS

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سٹریٹجک ویژن کے ذریعے درپیش چیلنجز پر قابو پایا جاسکتا ہے، جعفرمندوخیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | مائنز منرلز بل پر اپوزیشن کا واک اوٹ آئیں بات کریں، وزیراعلیٰ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | ریٹائرڈ لیویز ملازمین کے ساتھ مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں گے، شعیب نوشیروانی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | پروفیسر اینڈ لیکچررز کا احتجاج ختم امتحانات کے بائیکاٹ کا فیصلہ واپس۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | صوبے کے جملہ مسائل حل کر کے پسماندگی کا خاتمہ کریں گے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | سب مل کر ایک آزاد فلسطین کے لیے کام کریں، ظہور بلیدی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | حکومت متوازن ترقی کے لیے ٹھوس اقدامات کررہی ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | سرمایہ کاروں کو مالداری کی جانب راغب کررہے ہیں، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | لیویز فورس کے افسران واہلکاروں کو آج پولیس میں رپورٹ کرنے کا مراسلہ جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | کمرشل ٹرانسپورٹ مالکان گاڑیوں کے روٹ پرمٹس اور فٹنس سرٹیفکیٹ کو یقینی بنائیں سیکرٹری آرٹی اے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | طلبہ کو جدید علوم سے روشناس کرانے کو ترجیح دی جائے ڈی ائی او کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ریکوڈک کمپنی کی جانب سے ہیلتھ سینٹر میں یونٹ کا افتتاح۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا 10 سال سے بلاک شناخت کارڈ کھول دیا گیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ژوب بائی پاس کی تعمیر کے لیے جلد اقدامات کیے جائیں بلوچستان اسمبلی، چار قرارداد منظور کرلی گئیں۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | خطے میں امن واستحکام کے لیے ذمہ دارانہ طرز عمل ناگزیر ہے، علی مردان ڈومکی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | بلوچستان کے معاملات حل کیے بغیر ترقی ناممکن ہے شاہد خاقان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | سنجاوی میں لاشیں پھینکنے کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں، پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | 15 مئی ایمانی غیرت اور سیاسی بیداری کا دن ہوگا، مولانا عبدالواسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | عوام کے حقوق کے لیے ہر فرم پر اواز اٹھائیں گے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

استہ محمد منشیات فروش اور فراڈ کیس کا ملزم گرفتار، رنوکنڈی میں فائرنگ مقامی قبائلی رہنما جام بجق، حب کمرے سے لاش برآمد، مستونگ رات گئے بس پر فائرنگ 6 افراد زخمی۔

## مسائل:

پوش علاقوں کی طرح نواہی آبادیوں میں بھی صفائی کرائی جائے اہلیان مشرقی بائی پاس، چاغی کانٹریکٹ اساتذہ سات ماہ سے تنخواہوں سے محروم۔

# DGPR NEWS PAPER CLIPPINGS

اداریہ:

اداریے :

بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "CALL FOR ACTION" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

مضامین:

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 03 MAY 2025 Page No. 1

## سٹریٹجک وژن کے ذریعے درپیش چیلنجوں پر قابو پایا جاسکتا ہے، جعفر مندوخیل

**طویل مدتی پلاننگ ہمارے مستقبل کو محفوظ بناتی ہے، ملاقاتوں میں گورنر کی بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی پائیدار تعمیر وترقی کے تناظر میں ہم اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے معیار زندگی کو بہتر بنانے اور عام آدمی کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے جامع پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی طاقت بروئے کار لا سکتے ہیں، سٹریٹجک وژن کے ذریعے درپیش چیلنجوں پر قابو پایا جاسکتا اور جدیدیت کی نئی منازل طے کرسکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ میرا طویل تجربہ ہے کہ قلیل مدتی پلاننگ فوری ضروریات کو پورا کرتی ہے، وسط مدتی پلاننگ رفتار کو بڑھاتی ہے جبکہ طویل مدتی پلاننگ ہمارے مستقبل کو محفوظ بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں سینیٹر منظور کاکڑ، سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری نصیب اللہ خان بازئی اور سابق پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالجبار سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موثر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ منصوبہ بندی ایک روشن مستقبل کا [illegible] ہے جو ہماری خوشحالی، استحکام [illegible] دیرپا ترقی [illegible] طرف رہنمائی کرتی ہے۔ گورنر بوچستان نے کہا کہ صوبائی اور مرکزی سطح پر تشکیل دینے والی پالیسیوں اور منصوبوں تمام منصوبوں کا محور ومرکز مفاد خلق ہونا چاہیے۔ خطے میں رونما ہونے والی معاشی وسیاسی تبدیلیوں کے پیش نظر ہمیں تمام معاشی وتجارتی سرگرمیوں میں عوام کی شرکت وشمولیت کو یقینی بنانا ہوگا۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے وی سی تربت یونیورسٹی ڈاکٹر گل حسن اور قائمقام وی سی مکران یونیورسٹی ڈاکٹر ممتاز بلوچ ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## سٹریٹجک وژن کے ذریعے درپیش چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے، گورنر بلوچستان

**صوبائی اور مرکزی سطح پر تشکیل دینے والی پالیسیوں اور منصوبوں کا تمام محور ومرکز مفاد خلق ہونا چاہیے' سینیٹر منظور کاکڑ سے ملاقات میں گفتگو**

**معاشی وتجارتی سرگرمیوں میں عوام کی شرکت کو یقینی بنانا ہوگا' نصیب اللہ بازئی و عبدالجبار سے ملاقاتوں میں بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی پائیدار تعمیر وترقی کے تناظر میں ہم اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے، معیار زندگی کو بہتر بنانے اور عام آدمی کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے جامع پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی طاقت بروئے کار لا سکتے ہیں، سٹریٹجک وژن کے ذریعے درپیش چیلنجوں پر قابو پایا جاسکتا اور جدیدیت کی نئی منازل طے کرسکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ میرا طویل تجربہ ہے کہ قلیل مدتی پلاننگ فوری ضروریات کو پورا کرتی ہے، وسط مدتی پلاننگ رفتار کو بڑھاتی ہے جبکہ طویل مدتی پلاننگ.........

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہمارے مستقبل کو محفوظ بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں سینیٹر منظور کاکڑ، سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری نصیب اللہ خان بازئی اور سابق پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالجبار سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موثر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ منصوبہ بندی ایک روشن مستقبل کا خاکہ ہے جو ہماری خوشحالی، استحکام اور دیرپا ترقی کی طرف رہنمائی کرتی ہے گورنر بلوچستان نے کہا کہ صوبائی اور مرکزی سطح پر تشکیل دینے والی پالیسیوں اور منصوبوں کا تمام محور ومرکز مفاد خلق ہونا چاہیے۔ خطے میں رونما ہونے والی معاشی وسیاسی تبدیلیوں کے پیش نظر ہمیں تمام معاشی وتجارتی سرگرمیوں میں عوام کی شرکت وشمولیت کو یقینی بنانا ہوگا۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA ★★
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
BC-ایل-1 فون 2841993-2842016-2841078
قیمت 30 روپے
جلد 54 | ہفتہ 5 ذیقعد 1446ھ 3 مئی 2025ء | نمبر 121

## قائمہ کمیٹی میں فائنل ہونیوالا مائنز اینڈ منرل بل تبدیل کیا گیا، جمعیت

**بل پر حکومت نے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا، اپوزیشن ارکان آئیں بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں، وزیر اعلیٰ**

## قائمہ کمیٹی کا فائنل کردہ ڈرافٹ اسمبلی میں نہیں تھا، اپوزیشن ارکان کا واک آؤٹ

موقف، بل پر حکومت نے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا، وزیر اعلیٰ ہاؤس کے دروازے کھلے ہیں اپوزیشن اراکین آئیں بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس مین ایک بار پھر مائنز اینڈ منرلز بل کی بازگشت سنائی دی، قائمہ کمیٹی میں فائنل ہونیوالا بل تبدیل کیا گیا، جمعیت علما اسلام کے رکن زاہد علی ریکی کا اظہار خیال، بلوچستان اسمبلی میں جمعہ کو جمعیت علما اسلام کے رکن زاہد علی ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں پیش ہونیوالے مائنز اینڈ منرلز بل پر وزیر اعلیٰ ہاؤس میں بحث ہوئی تھی، اس پر قائمہ کمیٹی میں بھی بحث کی گئی تھی، قائمہ کمیٹی نے بل پر مشاورت کیلئے مائنز اونرز کو بلایا ہم نے قائمہ کمیٹی میں بل میں سفارشات دیں، 12 مارچ کو بل اسمبلی سے منظور ہوا لیکن ہم نے جو بل قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا تھا وہ ڈرافٹ اسمبلی میں نہیں تھا بلکہ قائمہ کمیٹی میں فائنل ہونیوالا بل تبدیل کیا گیا ہم نے بل میں سے وفاق کے جو اختیارات نکالے تھے انہیں شامل کیا گیا۔ بعدازاں پر اپوزیشن اراکین نے ایوان سے واک آؤٹ کیا، اسپیکر نے کہا کہ اپوزیشن اپنا موقف پیش کر چکا اب حکومتی موقف بھی سنے تاہم اپوزیشن ارکان واک آؤٹ کر گئے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن کے رویے کو نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن کو ہماری بات بھی سننی چاہیے، انہوں نے کہا میں اس لئے کہتا ہوں کہ اسمبلی کو رولز کے تحت چلایا جائے۔ بی این پی (عوامی) کے میر اسد بلوچ نے کہا کہ اگر اسمبلی چلانی ہے تو سب کیلئے رولز برابر ہوں، انہوں نے اسپیکر سے استفسار کیا کہ 30 اپریل کے اجلاس میں میرا توجہ دلاؤ نوٹس کیوں بلڈوز کیا گیا، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے بل پر دستخط کیے تو اب واک آؤٹ کیوں کر رہے ہیں اس وقت کیوں مخالفت نہیں کی، میں مائنز اینڈ منرلز بل کیخلاف ہوں اور رہوں گا۔ اسپیکر نے اپوزیشن ارکان کو منانے کے لئے حکومتی ارکان کو بھیجا اور اس دوران اجلاس میں 15 منٹ کے وقفے کا اعلان کیا، اسمبلی کا اجلاس جب دوبارہ شروع ہوا تو اپوزیشن اراکین واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں واپس لوٹ آئے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ ایوان سپریم ہے اس کی عزت کا خیال رکھا جائے، اپوزیشن کی جانب سے مائنز اینڈ منرل بل پر یہ بات سامنے آئی کہ ڈرافٹ کچھ اور تھا اور بل کچھ اور تھا اس پر حکومت اور اپوزیشن ارکان پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے اور اس کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائے، یہ کوئی معمولی بات نہیں بلکہ یہ ایوان کے تقدس کی بات ہے اس سے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ مائنز اینڈ منرل بل پر حکومت نے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا، وزیر اعلیٰ ہاؤس کے دروازے کھلے ہیں اپوزیشن اراکین آئیں بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں اور ایک ایک پوائنٹ پر بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری اپوزیشن سے گزارش ہے کہ وہ ایوان میں کسی معزز رکن کا نام نہ لیں اور ایک دوسرے کی عزت کا خیال رکھا جائے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 05 ذیقعدہ 1446ھ 03 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 305

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# مائنز اینڈ منرلز بل پر اعتراضات' اپوزیشن کا اسمبلی اجلاس سے واک آوٹ

## جن چیزوں کو نکالا گیا تھا بل میں انہیں دوبارہ شامل کر کے ہمیں دھوکہ دیا گیا، ڈاکٹر مالک بلوچ

### اسپیکر اسکی تحقیقات اور قابل اعتراض نقاط کو دوبارہ زیر بحث لاکر بل پر نظر ثانی کریں گے' وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) مائنز اینڈ منرلز بل پر اعتراضات اپوزیشن کا اسمبلی اجلاس سے واک آوٹ' وزیراعلیٰ کی اپوزیشن سے ملاقات، مائنز اینڈ منرلز بل سے جن جن چیزوں کو نکالا گیا تھا اصل بل میں دوبارہ شامل کر کے دھوکہ کیا گیا جس پر شدید احتجاج کرینگے، ڈاکٹر مالک بلوچ، وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر اس کی تحقیقات کریگی اور...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

قابل اعتراض نقاط کو دوبارہ زیر بحث لاکر نظر ثانی کی جائیگی کوئٹہ اجمعہ کو اسمبلی اجلاس میں نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ نے مائنز اینڈ منرلز بل پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز بل پر اپوزیشن کے ساتھ دھوکہ کرتے ہوئے بل میں موجود چند قابل اعتراض نقاط جنہیں کمیٹی میں نکال دیا گیا بعد ازاں اصل بل میں وہ نقاط شامل جو پارلیمانی تاریخ میں بدترین خیانت تصور ہوگی، اس مسئلہ پر اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے اجلاس سے واک آوٹ کیا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن سے ملاقات کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر اس امر کی تحقیقات کریگی کہ جو شق نکال دیے گئے تو انہیں اصل بل میں بعد ازاں کیوں اور کیسے شامل کیا گیا اور قابل اعتراض نقاط پر اپوزیشن کے ساتھ مل کر مشاورت سے وہ نقاط نکال کر کمیٹی بنا کر نظر ثانی کی جائے گی، دریں اثناء نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساحل ووسائل پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے بددیانتی میں شامل کردہ قابل اعتراض نقاط کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

حکومت بلو[چستان]

No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد23 شمارہ140 | ہفتہ، 5 ذیقعد، 3 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# مائنز منرل بل پر اپوزیشن کا واک آؤٹ، آئیں بات کریں، وزیر اعلیٰ

## ہم نے جو بل قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا وہ ڈرافٹ اسمبلی میں نہیں تھا، بل بدلا گیا، زابد ریکی، اپوزیشن ارکان احتجاجاً چلے گئے

## اپوزیشن کو اعتماد میں لیا، وزیر اعلیٰ ہاؤس کے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن آئے بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن اراکین کا مائنز اینڈ منرل بل کے معاملہ پر ایوان سے واک آؤٹ، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ایک مرتبہ پھر اپوزیشن کو بل پر دوبارہ بیٹھنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ بل پر حکومت نے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا، وزیر اعلیٰ ہاؤس کے دروازے کھلے ہیں اپوزیشن اراکین آئیں، بلوچستان اسمبلی میں جمعہ کو جمعیت کے رکن زابد علی ریکی (باقی صفحہ 5 نمبر21)

نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں پیش ہونیوالے مائنز اینڈ منرلز بل پر وزیر اعلیٰ ہاؤس میں بحث ہوئی تھی، اس پر قائمہ کمیٹی میں بھی بحث کی گئی تھی، قائمہ کمیٹی نے بل پر مشاورت کیلئے مائن اونرز کو بلایا ہم نے قائمہ کمیٹی میں بل میں سفارشات دیں، 12 مارچ کو بل اسمبلی سے منظور ہوا لیکن ہم نے جو بل قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا تھا وہ ڈرافٹ اسمبلی میں نہیں تھا بلکہ قائمہ کمیٹی میں فائنل ہونیوالا بل تبدیل کیا گیا ہم نے بل میں سے وفاق کے جو اختیارات نکالے تھے انہیں شامل کیا گیا بعد ازاں پر اپوزیشن اراکین نے ایوان سے واک آؤٹ کیا، اسپیکر نے کہا کہ اپوزیشن اپنا موقف پیش کر چکی اب حکومتی موقف بھی سنے تاہم اپوزیشن ارکان واک آؤٹ کر گئے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن کے رویے کو نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن کو ہماری بات بھی سننی چاہیے، انہوں نے کہا میں اس لئے کہتا ہوں کہ اسمبلی کو رولز کے تحت چلایا جائے۔ بی این پی (عوامی) کے میر اسد بلوچ نے کہا کہ اگر اسمبلی چلانی ہے تو سب کیلئے رولز برابر ہوں، انہوں نے اسپیکر سے استفسار کیا کہ 30 اپریل کے اجلاس میں میرا توجہ دلاؤ نوٹس کیوں بلڈوز کیا گیا، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے بل پر دستخط کیے تو اب واک آؤٹ کیوں کر رہے ہیں اس وقت کیوں مخالفت نہیں کی، میں مائنز اینڈ منرلز بل کیخلاف ہوں اور رہوں گا۔ اسپیکر نے اپوزیشن ارکان کو منانے کے لئے حکومتی ارکان کو بھیجا اور اس دوران اجلاس میں 15 منٹ کے وقفے کا اعلان کیا، اسمبلی کا اجلاس جب دوبارہ شروع ہوا تو اپوزیشن اراکین واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں واپس لوٹ آئے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ ایوان سپریم ہے اس کی عزت کا خیال رکھا جائے، اپوزیشن کی جانب سے مائنز اینڈ منرل بل پر یہ بات سامنے آئی کہ ڈرافٹ کچھ اور تھا اور بل کچھ اور تھا اس پر حکومت اور اپوزیشن ارکان پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے اور اس کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائے، یہ کوئی معمولی بات نہیں بلکہ یہ ایوان کے تقدس کی بات ہے اس سے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس موقع پر اسپیکر میر زابد ریکی اور میر اسد بلوچ کے بعض ریمارکس کاروائی سے حذف کرنے کی رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنے طور پر اپوزیشن اراکین کو بلائیں، بل اور ڈرافٹ کی تبدیلی کی جو بات اپوزیشن کی جانب سے کی گئی اس کی تحقیقات کرا کے ایوان میں رپورٹ پیش کرینگے، اے این پی کے رکن زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دوبارہ اس بل پر بیٹھنے کی یقین دہانی کرائی ہے، وفاق کو صوبائی خودمختاری میں مداخلت نہیں کرنے دینگے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بل کی منظوری کے دن احتجاج نہ کرنے پر بلوچستان کے عوام سے معافی مانگتا ہوں، میں نے نہ ہی بل کو ووٹ دیا اور نہ ہی پارلیمانی کمیٹی کے کسی اجلاس میں شریک ہوا لیکن خاموش رہنے پر عوام سے معافی مانگتا ہوں۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSI[TAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 3 مئی 2025ء بمطابق 5 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 121

# وزیر اعلیٰ: مائنز اینڈ منرلز بل پر اپوزیشن کا احتجاج، قابل اعتراض نکات پر نظر ثانی کرینگے

## بل سے جن جن چیزوں کو نکالا گیا تھا اصل بل میں دوبارہ شامل کر کے دھوکہ کیا گیا جو پارلیمانی تاریخ میں بدترین خیانت تصور ہوگی، مالک بلوچ

## اسپیکر اس کی تحقیقات کرینگے، جو شق نکال دی گئیں انہیں اصل بل میں بعدازاں کیوں اور کیسے شامل کیا گیا، میر سرفراز بگٹی کی اپوزیشن سے ملاقات میں یقین دہانی

کوئٹہ (این این آئی) مائنز اینڈ منرلز بل پر اعتراضات اپوزیشن کا واک آوٹ وزیراعلی کی اپوزیشن سے ملاقات، مائنز اینڈ منرلز بل سے جن جن چیزوں کو نکالا گیا تھا اصل بل میں دوبارہ شامل کر کے دھوکہ کیا گیا جس پر شدید احتجاج کرینگے، ڈاکٹر مالک بلوچ، وزیراعلی نے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر اس کی تحقیقات کریں گے اور قابل اعتراض نقاط کو دوبارہ زیر بحث لا کر نظر ثانی کی جائے گی۔ جمعہ کو اسمبلی اجلاس میں نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ نے مائنز اینڈ منرلز بل پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز بل پر اپوزیشن کے ساتھ دھوکہ کرتے ہوئے بل میں موجود چند قابل اعتراض نقاط جنہیں کمیٹی میں نکال دیا گیا بعدازاں اصل بل میں وہ نکات شامل کی گئی ہے جو پارلیمانی تاریخ میں بدترین خیانت تصور ہوگی، اس مسئلہ پہ اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے اجلاس سے واک آوٹ کیا، وزیراعلی میر سرفراز بگٹی

بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

نے اپوزیشن سے ملاقات کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ اسپیکر اس امر کی تحقیقات کریگی کہ جو شق نکال دیئے گئے تو انہیں اصل بل میں بعدازاں کیوں اور کیسے شامل کیا گیا اور قابل اعتراض نقاط پر اپوزیشن کے ساتھ مل کر مشاورت سے وہ نقاط نکال کے لیے بل پر کمیٹی بنا کر نظر ثانی کی جائیگی، دریں اثنا نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساحل و وسائل پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرینگے اور بد دیانتی میں شامل کردہ قابل اعتراض نقاط کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | ہفتہ 03 مئی 2025ء بمطابق 05 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 120


## قائمہ کمیٹی میں مائنز اینڈ منرل بل کا ڈرافٹ اسمبلی میں تبدیل

# منظور شدہ قرارداد میں فرق ہے، اپوزیشن کا اسمبلی سے واک آؤٹ

## وزیراعلیٰ کی مشاورت کی یقین دہانی

### جو ڈرافٹ ہم نے فائنل کیا تھا اس میں وفاق کے اختیارات نکال دیئے تھے وہ شامل کردیئے گئے ہیں زابد ریکی سپیکر نے معاملے کی تحقیقات کا اعلان کردیا

### وزیراعلیٰ بلوچستان اراکین کو منا کر واپس لے آئے کمیٹی بنانے کا اعلان اپوزیشن ارکان کو بل پر دوبارہ بیٹھنے کی دعوت دیدی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن اراکین نے الزام عائد کیا ہے کہ صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں منظور ہونے والے مائنز اینڈ منرل بل کے ڈرافٹ اور اسمبلی میں منظور ہونے ولاے بل کے ڈرافٹ میں فرق ہے، میر اسد بلوچ کے علاوہ تمام اپوزیشن اراکین کا ایوان سے واک آوٹ ،،اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے معاملے کی تحقیقات کرانے اور ذمہ داروں کو سزا دینے کا اعلان کردیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرل بل پر دوبارہ مشاورت کرنے کی یقین دہانی کرادی بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جے یو آئی سے تعلق رکھنے والے اپوزیشن رکن اسمبلی زابد علی ریکی نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل بل جو ہم نے قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا تھا وہ فائنل ڈرافٹ میں نہیں تھا ہم نے بل میں وفاق کے جو اختیارات نکالے تھے وہ شامل کردیئے گئے، حکومت نے اس میں بدنیتی کا مظاہرہ کیا ہے، اسپیکر کی جانب سے بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر اپوزیشن اراکین ایوان سے واک آوٹ کرگئے، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ان کو منا کر لے آئے، اس دوران واک آوٹ نہ کرنے والے اپوزیشن رکن اسمبلی میر اسد بلوچ کا کہنا تھا کہ یہ اپوزیشن والے ٹوپی ڈرامہ کررہے ہیں، جب انہوں نے بل پر دستخط کیے تو اب واک آوٹ کیوں کررہے ہیں، میں مائنز اینڈ منرل بل کے خلاف ہوں اور رہوں گا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے مائنز اینڈ منرل بل پر یہ بات سامنے آئی کہ ڈرافٹ کچھ اور، بل کچھ اور تھا، اس کے لئے ایک کمیٹی بنائی جائے جو اس بات کی تحقیقات کرے، وزیراعلیٰ ہاوس کے دروازے کھلے ہیں اپوزیشن اراکین آئیں، بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے مائنز اینڈ منرل بل کے حوالے سے تحقیقات کرانے کا اعلان کردیا اپوزیشن اراکین کے واک آوٹ کو ٹوپی ڈرامہ کہنے پر رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور میر اسد بلوچ میں تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے مائنز اینڈ منرل بل پر دستخط نہ کرنے کے باوجود منظوری پر احتجاج نہ کرنے پر صوبے کے عوام سے معافی مانگ لی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کررہی ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

CamScanner

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر۔24 | ہفتہ 03 مئی 2025ء بمطابق 05 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔120

# بلوچستان اسمبلی اجلاس، مائنز اینڈ منرلز بل پر دھوکہ دیا گیا، اپوزیشن کا واک آؤٹ

**صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں منظور ہونے والے مائنز اینڈ منرل بل کے ڈرافٹ اور اسمبلی میں منظور ہونے والے بل کے ڈرافٹ میں فرق ہے**

**اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے معاملے کی تحقیقات کرانے اور ذمہ داروں کو سزا دینے کا اعلان کر دیا، وزیراعلیٰ نے مائنز اینڈ منرل بل پر دوبارہ مشاورت کرنے کی یقین دہانی کرادی**

**اپوزیشن اراکین کے واک آؤٹ کو ٹوپی ڈرامہ کہنے پر رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور میر اسد بلوچ میں تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن اراکین نے الزام عائد کیا ہے کہ صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں منظور ہونے والے مائنز اینڈ منرل بل کے ڈرافٹ اور اسمبلی میں (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

منظور ہونے والے بل کے ڈرافٹ میں فرق ہے، میر اسد بلوچ کے علاوہ تمام اپوزیشن اراکین کا ایوان سے واک آؤٹ ،،اسپیکر صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے معاملے کی تحقیقات کرانے اور ذمہ داروں کو سزا دینے کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرل بل پر دوبارہ مشاورت کرنے کی یقین دہانی کرادی بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا ، جے یو آئی سے تعلق رکھنے والے اپوزیشن رکن اسمبلی زابد علی ریکی نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل بل جو ہم نے قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا تھا وہ فائنل ڈرافٹ میں نہیں تھا ہم نے بل میں وفاق کے جو اختیارات نکالے تھے وہ شامل کر دیئے گئے ،حکومت نے اس میں بدنیتی کا مظاہرہ کیا ہے، اسپیکر کی جانب سے بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر اپوزیشن اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے ،تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ان کو منا کر لے آئے ،اس دوران واک آؤٹ نہ کرنے والے اپوزیشن رکن اسمبلی میر اسد بلوچ کا کہنا تھا کہ یہ اپوزیشن والے ٹوپی ڈرامہ کر رہے ہیں، جب انہوں نے بل پر دستخط کیے تو اب واک آؤٹ کیوں کر رہے ہیں، میں مائنز اینڈ منرل بل کے خلاف ہوں اور رہوں گا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے مائنز اینڈ منرل بل پر یہ بات سامنے آئی کہ ڈرافٹ کچھ اور ، بل کچھ اور تھا، اس کے لئے ایک کمیٹی بنائی جائے جو اس بات کی تحقیقات کرے، وزیر اعلیٰ ہاؤس کے دروازے کھلے ہیں اپوزیشن اراکین آئیں ، بل پر دوبارہ بیٹھ جاتے ہیں، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے مائنز اینڈ منرل بل کے حوالے سے تحقیقات کرانے کا اعلان کر دیا اپوزیشن اراکین کے واک آؤٹ کو ٹوپی ڈرامہ کہنے پر رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور میر اسد بلوچ میں تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے مائنز اینڈ منرل بل پر دستخط نہ کرنے کے باوجود منظوری پر احتجاج نہ کرنے پر صوبے کے عوام سے معافی مانگ لی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر شاہد خاقان عباسی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ 3 مئی 2025ء 5 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 121

## صوبائی اسمبلی کا اجلاس
## 5 قراردادیں منظور

# ایوان کے تقدس کو یقینی بنانا ہوگا

## وزیراعلیٰ بلوچستان

### 2 توجہ دلاؤ نوٹس، 5 عوامی مفاد کی قراردادیں اور وقفہ سوالات ایجنڈے کا حصہ تھے، مائنز اینڈ منرلز بل پاس ہونے کے خلاف اپوزیشن کا ایک بار پھر واک آؤٹ

### رخشاں ڈویژن کو دو حصوں میں تقسیم ڈاکٹر مہر اللہ شہید کے نام سے کینسر ہسپتال منسوب ایوان کا پیدائش کے لیٹ اندراج کیلئے 20 سال کی بجائے 30 سال کی سفارش

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں 40 منٹس کی تاخیر سے شروع اجلاس میں 2 توجہ دلاؤ نوٹس، 5 عوامی مفاد کی قراردادیں اور وقفہ سوالات ایجنڈے کا حصہ تھے اجلاس میں مائنز اینڈ منرلز بل پاس ہونے کے خلاف اپوزیشن نے ایک بار پھر اجلاس سے واک آؤٹ کیا جبکہ رخشاں ڈویژن کو دو حصوں میں تقسیم ڈاکٹر مہر اللہ شہید کے نام سے کینسر ہسپتال منسوب ایوان نے پیدائش کے لیٹ اندراج کیلئے 20 سال کی بجائے 30 سال کی سفارش قومی شاہراہ پر کام تیز اور معیاری کام کے حوالے سے اسی طرح ژوب میں ہائی پاس پر کام تیز کرنے کی بھی قرارداد منظور کر لی گئی اجلاس سے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اسمبلی فلور پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایوان کو رول کے مطابق چلایا جائے اپوزشین کا رویہ مناسب نہیں ہے اپوزشین کا رویہ مناسب نہیں ہے اپوزیشن والے اسمبلی کی عزت کا خیال رکھیں روایات کو سامنے رکھ کر قانون سازی کرتے ہیں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر اپوزیشن کے ساتھ ساتھ ہی حاصل بحث کی اگر اپوزیشن کو اعتراض ہے تو دوبارہ اس پر بحث کر لیتے ہیں اس ایوان کے تقدس کی بات ہے بلوچستان کی اپنی روایات ہے اراکین کی عزت کا خیال رکھنا چاہیے'جمعیت علماء اسلام کے رکن بلوچستان اسمبلی زابد علی ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مائنز اینڈ منرل بل 28 فروری کو پیش ہوا اس بل پر وزیراعلیٰ ہاؤس میں بحث ہوئی یہ بل پر قائمہ کمیٹی میں بھی بحث ہوئی قائمہ کمیٹی نے بل پر مشاورت کے لئے مائنز اونر کو بلایا ہم نے بل میں سے وفاق کے اختیارات ختم کر دیے، 12 مارچ کو 120 صفحات پر مشتمل بل منظور ہوا جو ہم نے بل قائمہ کمیٹی میں فائنل کیا تھا وہ ڈرافٹ میں نہیں تھا: قائمہ کمیٹی میں فائنل ہونا والا بل تبدیل کیا گیا ہم نے بل میں وفاق کے جو اختیارات نکالے تھے وہ شامل کر دیے گئے اپوزیش کا زابد ریکی کو ایوان میں نہ بولنے کی اجازت دینے پر واک آوٹ کر دیا اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے کہا کہ سوالات کے جوابات کے موقع پر وزراء نہیں تو سوالات کا سسٹم ختم کر دیا جائے ہم ہر بار کہتے ہیں وزراء کو آنا چاہیے اسپیکر صرف کہنے کی حد تک ہیں اگر ہمارے سوالات کا جواب نہیں دیا جاتا ہے تو ایوان میں بیٹھنے کا کیا فائدہ ہے بلوچستان ہاؤس کے 5 کمروں کی تزئین و آرئیش پر 6 کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں، رکن اسمبلی مولانا نور اللہ نے کہا کہ صوبائی خودمختیاری صرف پنجاب کے لئے ہے باقی صوبوں کے لئے نہیں ہے وفاق کی جانب سے بلوچستان کو نظر انداز کرنے کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے صوبائی خودمختیاری کو ہاتھ سے نہیں جانے دیں گے اگر ہماری بات نہ سنی گئی تو ایوان کے ساتھ ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان ہاؤس اسلام آباد میں ہر رکن سے 20 ہزار روپے وصول کئے جاتے ہیں اربوں روپے وہاں خرچ ہونے کے وجود وہاں سہولیات فقدان ہے سندھ ہاوس کا کرایہ 1500 سے لیکر 3500 روپے ہے ایم پی ایز کی تنخواہ بلوچستان ہاوس کے کرایہ میں چلی جاتی ہے بلوچستان ہاوس کے معاملات کو حل کرنے کے پارلیمانی کمیٹی بنائی جائے بلوچستان ہاوس کے حوالے سے ایس اینڈ جی اے ڈی سے رپورٹ منگوائی جائے گی سپیکر نے پوائنٹ آف آرڈر پر کہا کہ اگر رپورٹ تسلی بخش نہیں ہوگی تو اسے قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے گا بلوچستان ہاوس اسلام آباد کے حالات پر خاموش نہیں رہا جا سکتا ہے، رکن اسمبلی صمد گورگیج نے کہا کہ مغربی پاس ایک کریش پلانٹ چلتا ہے جو آلودگی پھیلا رہا ہے اس کا نوٹس لیا جائے' رکن اسمبلی میر اسد بلوچ نے کہا کہ میرے حلقے میں واٹر سپلائی کے سکیم سے سابق ایم پی اے جو غیر ملکی تھا بھتہ لیتا ہے سال 2024-25 کی پی ایس ڈی پی میں تمام اضلاع کے لئے ترقیاتی اسکیمات بذریعہ متعلقہ محکمہ جات PapersConcept کے ساتھ تجویز کئے گئے تھے تمام اضلاع کے لئے تجویز کردہ ترقیاتی اسکیموں کو حکومت کی جانب سے پی ایس ڈی پی 2024-25 میں شامل کئے گئے لیکن پی بی 29 بجکور (1) کے لئے تجویز کردہ کسی بھی ترقیاتی اسکیم کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں پی بی 29 بجکور (1) کے عوام میں شدید مایوسی پائی جارہی ہے پی بی 29 بجکور (1) کے لئے محکمانہ تجویز کردہ اسکیموں کو پی ایس ڈی پی 2024-25 میں شامل نہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وال مین اور متعلقہ ایس ڈی او ملکر پانی فروخت کرتے ہیں یہ لوگ مافیا بنے ہوئے ہیں ہم اتنا زرلٹ نہیں دے جو دینا چاہیے تھا، واٹر مافیا کے خلاف ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ملکر جلد ایکشن لیں گے پرائیویٹ پانی فروخت کرنے والوں پر ٹیکس لگائیں گے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 03 مئی 2025ء 05 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 241



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی ملاقات کررہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں۔

CamScanner

Simultaneously Published from Hub, Karachi and Lasbela

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 2 مئی 2025ء بمطابق 4 ذیقعدہ 1446ھ | شمارہ نمبر 120

میر سرفراز بگٹی

# بحالی امن کیلئے ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد ناگزیر ہے

تمام فیصلے اجتماعی ہوں گے، ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے

**بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیئے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق اہم جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، محکمہ داخلہ، محکمہ ترقیات ومنصوبہ بندی، محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں کے سیکریٹریز نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب سے صوبائی ایکشن پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

عناصر کے خلاف جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ان سرگرمیوں میں معاونت کے الزام میں مختلف نجی بس کمپنیوں کی 11 بسوں کے روٹ پرمٹ معطل کرتے ہوئے ان پر پابندی عائد کر دی گئی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عمل درآمد ناگزیر ہے اُن کا کہنا تھا کہ فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے تعلیم کے شعبے میں اہم پیش رفت پر وزیر اعلیٰ نے اظہار مسرت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیے گئے ہیں اجلاس میں محکمہ تعلیم کے حکام نے آگاہ کیا کہ 7908 کنٹریکٹ اساتذہ کے تعیناتی آرڈر جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید 3500 اساتذہ کے آرڈر جلد جاری ہوں گے وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبائی ایکشن پلان کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے اور ریاست مخالف پروپیگنڈوں و سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے انہوں نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا کہ بعض این جی اوز غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتی ہیں لہٰذا ان کا بھی جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع قوانین لائے جائیں گے اور اس تیز رفتار دور میں جہاں سچ اور جھوٹ کے درمیان فاصلہ کم ہو چکا ہے وہاں سچائی پر مبنی حقائق عوام کے سامنے لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

| جلد | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 28 | ہفتہ 3 مئی 2025ء / 4 ذیقعد / 1446ھ | | 10 روپے | رجسٹرڈ بی سی بی-10 | 76 |




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ | صفحات 8 قیمت 15 روپے

شمارہ 24 | ہفتہ 03 مئی 2025ء 05 ذی القعد 1446ھ | جلد 21




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



۔۔۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر اسداللہ بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

alochistan Times

EDIA
ROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

B.C.6 VOL XLV No. 1087 · QUETTA Saturday May 03, 2025 /Dhu'l-Qi'dah 05, 1446 Rs: 3

# Balochistan Assembly allows birth registration till 30 years



Staff Report

QUETTA: In the Balochistan Assembly session, the House passed a resolution to increase the age limit for late registration of birth from 20 to 30 years and to assign powers to the Chairman Administrator Local instead of the Provincial Assembly Fazal Qadir presented a resolution not to implement the tender for the highway from Zhob to Punjab, which instead of heavy vehicles going from Balochistan to Khyber Pakhtunkhwa and Punjab, there is always a heavy traffic jam in Zhob city. Fazal Qadir further said that Judge. The House passed a resolution to increase the age limit for late registration of births from 20 years to 30 years and to delegate powers to the Chairman Administrator instead of the Civil Judge. Member of the Provincial Assembly Mir ZabidReki presented a resolution in the House on Friday in which he year. Despite this, the Biswal Dam Project (Ormara) has not been completed yet.

How much has been spent on the Biswal Dam Project so far and when will this project be completed? After the government's assurance from the Speaker, Maulana Hidayat-ur-Rehman's

# Automated CBC machine installed at DHQ Hospital Uthal



Staff Report

QUETTA: In a significant step toward enhancing healthcare services in the region, the installation of a state-of-the-art automated CBC (Complete Blood accuracy of diagnostic services for both emergency and routine patients.

The new CBC machine represents a major technological upgrade for the hospital's pathology department. By automating and emphasized the importance of introducing modern technology in healthcare services. "The addition of this modern diagnostic equipment will greatly benefit the people of Lasbela by providing faster and more reli

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 14


# ریٹائرڈ لیویز ملازمین کے ساتھ مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں گے، شعیب نوشیروانی

**فیڈرل لیویز ملازمین کے مطالبات جائز ہیں، فیصلہ انکی مرضی سے ہوگا، صوبائی وزیر کی یقین دہانی پر احتجاج ختم**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے ریٹائرڈ فیڈرل لیویز ملازمین کے کیمپ آمد پر تمام معاملات کو جلد حل کرانے کی یقین دہانی کرائی جس پر ریٹائرڈ لیویز ملازمین نے احتجاج ختم کردیا۔ جمعہ کو میر شعیب نوشیروانی کا فیڈرل لیویز ملازمین کے لگائے گئے احتجاجی کیمپ آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو شعیب نوشیروانی نے احتجاج پر بیٹھے ریٹائرڈ لیویز ملازمین کو احتجاجی کیمپ ختم کرنے کی استدعا کرتے ہوئے ریٹائرڈ ملازمین کے تمام معاملات جلد حل کرانے کی یقین دہانی کرائی ریٹائرڈ ملازمین نے شعیب نوشیروانی کے وعدے پر احتجاج ختم کرنے کا اعلان کردیا تین سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود پنشن نہ ملنے پر ملازمین نے احتجاجی کیمپ لگایا تھا۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ سوموار کو ریٹائرڈ ملازمین کے ساتھ مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں گے فیڈرل لیویز ملازمین کے مطالبات جائز ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کابینہ اجلاس میں واضح ہدایت دی ہے کہ ملازمین سے ملاقات کریں ملازمین کے ساتھ بیٹھ کر معاملات طے کریں، وہی کابینہ منٹس کا حصہ بنیں گے ریٹائرڈ ملازمین کی مرضی سے فیصلہ کریں گے۔

# پروفیسرز اینڈ لیکچررز کا احتجاج ختم، امتحانات کے بائیکاٹ کا فیصلہ واپس

**تحفظات دور ہوگئے، عبدالقدوس کاکڑ کی پریس کانفرنس، اساتذہ کیساتھ ملکر تعلیمی مسائل حل کرینگے، شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل حل کریں گے، اساتذہ اور طلبا و طالبات کے مستقبل کے وسیع تر مفاد میں احتجاج ختم کیا، یہ بات بلوچستان پروفیسر اینڈ لیکچرر ایسوسی ایشن کے صدر عبدالقدوس کاکڑ نے صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی اور بخت محمد کاکڑ کے ہمراہ گزشتہ روز ایم پی اے ہاسٹل میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حکومت قوم کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے تعلیمی اصلاحات کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے، وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی پر اساتذہ نے امتحانات سے بائیکاٹ ختم کیا، بلوچستان میں اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل حل کریں گے، عبدالقدوس کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی جانب سے قائم کمیٹی نے ہمارے تحفظات دور کئے اور 6 ماہ کے دوران اصلاحات لاکر معاملات کو حل کیا جائے گا، گزشتہ روز وزیر اعلیٰ سے ملاقات ہوئی، ان کی یقین دہانی پر احتجاج ختم اور امتحانات سے بائیکاٹ کا فیصلہ واپس لیتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بورڈ آفس میں بھی اصلاحات لائی جارہی ہیں، وزیر اعلیٰ نے نئی اصلاحات لانے کے لئے 6 ماہ کا وقت مانگا ہے، امید ہے کہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ بلوچستان میں اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل حل کریں گے، محکمہ تعلیم کی ملازمین تنظیموں نے وزیر اعلیٰ کی درخواست اور طلباء و طالبات کے مستقبل کے وسیع تر مفاد میں احتجاج ختم کیا جس پر ہم انکا شکریہ ادا کرتے ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


# صوبے کے جملہ مسائل حل کرکے پسماندگی کا خاتمہ کرینگے بخت محمد کاکڑ

**صوبے میں تعلیم، صحت اور پانی کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے صوبائی حکومت ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھارہی ہے، صوبائی وزیر صحت**

**وزیر اعلیٰ کی کاوشوں سے گرینڈ الائنس اور حکومت کے مابین مذاکرات کامیاب ہوئے، مجموعی قومی مفاد میں ملازمین کے مسائل حل کرینگے**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں تعلیم، صحت اور پانی کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے صوبائی حکومت بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے ہماری کوشش ہوگی کہ اساتذہ کے ساتھ ساتھ ڈاکٹروں کا بھی جائز مسائل حل کر کے صوبے کے ہسپتالوں کو ترقی اور مریضوں کے مسائل کا خاتمہ کر سکے اساتذہ نے احتجاج ختم کر کے یہ ثابت کردیا ہے کہ کرپٹ سسٹم نہیں بلکہ میرٹ کے مطابق کام کو ترجیح دی جائے گی، بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبے کے تین بڑے اور بنیادی مسائل جس میں تعلیم، صحت اور پانی شامل ہے ان مسائل کے خاتمے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے صوبے کے تمام اضلاع کے ہسپتالوں کو سہولیات فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے ہسپتال میں اگر ڈاکٹرز موجود ہو تو مریضوں کے مشکلات میں کمی آسکتی ہے اسی طرح اساتذہ کو بھی چاہئے کہ وہ اپنی ڈیوٹیاں یقینی بنائے تاکہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے طلباء و طالبات ملک کے دیگر صوبوں کے طلباء کے ساتھ تعلیمی میدان میں مقابلہ کر سکے یہ صوبہ ہم سب کا مشترکہ صوبے ہے اگر ہم اس صوبے کو اپنا گھر نہیں سمجھیں تو ہم کبھی بھی کامیاب نہیں ہوسکتے ہیں انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ گزشتہ روز گرینڈ الائنس نے حکومت کے ساتھ کامیاب مذاکرات کر کے احتجاج ختم کردیا جس کا کریڈیٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو جاتا ہے امید ہے کہ اساتذہ بلوچستان کے تمام اضلاع کے تعلیمی اداروں میں اپنے ڈوٹیاں سرانجام دیکر طلباء و طالبات کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر سکے۔

# سب ملکر ایک آزاد فلسطین کیلئے کام کریں، ظہور بلیدی

**آیئے عالمی عدالت انصاف و دیگر فورمز کے سامنے فلسطینیوں کی آواز بلند کریں، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں......... 

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کہا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ریاستی حیثیت، آزادی اور پر امن مستقبل کے لئے فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ آیئے عالمی عدالت انصاف اور دیگر عالمی فورمز کے سامنے ان کی آواز بلند کریں اور ایک آزاد فلسطین کیلئے ایک منصفانہ اور دیرپا حل کے لئے کام کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 15


## حکومت متوازن ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری

### اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے خالی آسامیاں مشتہر کی جائیں، شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے ترقیاتی منصوبوں میں معیاری صحت، تعلیمی سہولیات، پینے کے صاف پانی اور بجلی کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں حکومت متوازن ترقی کو یقینی بنانے اور عوام کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسکولز میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی، ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور کھلی کچہریوں کے انعقاد سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت دستیاب وسائل سے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہے حکومت تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے محکمہ تعلیم میں عارضی بنیادوں پر بھرتیوں سے 2 ہزار کے قریب سکول فعال کئے گئے ہیں جبکہ ایس بی کے بھرتیوں کی تکمیل سے مزید سکولز فعال ہو جائیں گے حکومت نئی تعلیمی پالیسیاں اور منصوبے شروع کر رہی ہے تاکہ صوبے میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تیسرے مرحلے کے لیے اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے خالی آسامیاں مشتہر کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی حکومت کا مقصد صوبے بھر میں تمام شہریوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## تیسرے مرحلے کیلئے اساتذہ کی خالی آسامیاں مشتہر کی جائیں، چیف سیکرٹری

### حکومت تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار بہتر اور ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، شکیل قادر خان

### کوئی سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی نہ کرے اس کیلئے تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اضلاع میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں

### غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے، کمشنرز و ڈپٹی کمشنرز کانفرنس میں افسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن): چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں معیاری صحت، تعلیمی سہولیات، پینے کے صاف پانی اور بجلی کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں حکومت متوازن ترقی کو یقینی بنانے اور عوام کو یہ ضروری سہولیات فراہم کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں......... 


بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر




چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اسکولوں میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی، ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور کھلی کچہریوں کے انعقاد سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے دستیاب وسائل سے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے حکومت اسکولوں کے نظام کو بہتر بنانے اور معیار کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے حالیہ محکمہ تعلیم میں عارضی بنیادوں پر بھرتیوں سے صوبے میں 2000 کے قریب سکول فعال کیے گئے ہیں جبکہ ایس بی کے بھرتیوں کی تکمیل سے مزید سکولز فعال ہو جائیں گے حکومت نئی تعلیمی پالیسیاں اور منصوبے شروع کر رہی ہے تاکہ صوبے میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ تیسرے مرحلے کیلئے اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے خالی آسامیاں مشتہر کی جائیں انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں صوبائی حکومت کا مقصد صوبے بھر میں تمام شہریوں کیلئے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات صوبائی حکومت کی تعلیم اور صحت کے شعبوں کو ترقی دینے اور شہریوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی سنجیدہ کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ کوئی سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کر سکے کیونکہ اس سے براہ راست شہری متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 03 MAY 2025 Page No. 16

## سرمایہ کاروں کو مالداری کی جانب راغب کر رہے ہیں، بلال کاکڑ

**لائیو اسٹاک بلوچستان کیلئے صرف ثقافت نہیں بلکہ اہم اقتصادی ستون ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر زرکون نے سیکرٹری لائیو اسٹاک طیب لہڑی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اس موقع پر معاشی شعبے کی ترقی اور سرمایہ کاری کے مواقعوں پر تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء کی لائیو سٹاک سے متعلق صنعتوں میں پائیدار ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے سرکاری محکموں اور سرمایہ کاری بورڈ کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے پر توجہ رہی ملاقات میں دیہی علاقوں کی معیشت میں مویشیوں کے اہم کردار کو تسلیم کرتے ہوئے جدید انفراسٹرکچر، بہتر مارکیٹ تک رسائی اور ویلیو ایڈڈ پروسیسنگ کی ضرورت پر زور دیا گیا بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہم صوبے کی وسیع چراگاہوں، نامیاتی جانوروں کی خوراک اور مویشیوں کی پرورش میں روایتی مہارت کو اجاگر کر کے لائیو سٹاک کے شعبے میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے فعال طور پر کام کر رہے ہیں ہمارا مقصد ایک ایسا ماحولیاتی نظام بنانا ہے جہاں مقامی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پراجیکٹس میں حقیقی صلاحیت نظر آتی ہے جس میں مینوفیکچرنگ یونٹس اور پروسیسنگ۔ اون پر مبنی کاٹیج انڈسٹریز شامل ہیں انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک بلوچستان کے لیے صرف ایک ثقافتی اثاثہ نہیں ہے بلکہ ایک اہم اقتصادی ستون ہے جسے روزگار پیدا کرنے، برآمدات کو فروغ دینے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے بڑھایا جا سکتا ہے۔

## لیویز فورس کے افسران واہلکاروں کو آج پولیس میں رپورٹ کرنے کا مراسلہ جاری

**وچین انسپکٹر، وائرلیس، میکلینیشن، اسسٹنٹ، رسالدار، نائب رسالدار، دفعہ دار، لیڈی سپاہی، محرر ایس ایس پی آپریشنز کو رپورٹ کرینگے**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسفزئی/اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے لیویز فورس کوئٹہ کے افسران سمیت 620 اہلکاروں کو آج ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ کو رپورٹ کرنے کا باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق 2019 میں سابق وزیر اعلیٰ جام کمال نے تین اضلاع کوئٹہ، لسبیلہ اور گوادر کے بی ایریا کو ختم کر کے اے ایریا قرار دیتے ہوئے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کر دیا تھا اور کمشنرز۔ ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی تھی کہ فوری طور پر لیویز کے افسران اہلکاروں اور گاڑیاں و دیگر ساز و سامان محکمہ پولیس کے حوالے کی جائے ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیر اعلیٰ جام کمال کے استعفے کے بعد لیویز فورس کا معاملہ کھٹائی میں پڑ گیا تھا تاہم سابق آئی جی پولیس محسن بٹ کی کوششوں سے کوئٹہ، لسبیلہ اور گوادر کے لیویز تھانے پولیس کے حوالے کر دیئے گئے۔ تاہم فورس کے افسران و اہلکار پولیس میں نہ جا سکے ذرائع نے بتایا کہ موجودہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کمشنرز ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ لیویز فورس افسران اور اہلکاروں کو پولیس میں بھیجا جائے ذرائع نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد نے 22 اپریل کو ایک مراسلہ جاری کرتے ہوئے وچین انسپکٹر، وائرلیس میکلینیشن، اسسٹنٹ، رسالدار، نائب رسالدار، سینئر کلرک، دفعہ دار، لیڈی سپاہی، محرر شامل ہیں کو آج ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ پولیس کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اور انہیں محکمہ سے ریلیو کر دیا گیا۔ اس کے بعد بتدریج مختلف اضلاع کو اے ایریا قرار دینے کے بعد لیویز فورس کے افسران اور اہلکاروں کو پولیس میں ضم اور ساز و سامان بھی پولیس کی تحویل میں دیا جا رہا ہے۔ کوئٹہ سے پولیس میں ضم ہونے والے افسران و اہلکاروں کی کل تعداد 620 بنتی ہے جس سے پولیس میں بھی نفری کی کمی کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو جائیگا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ حب کو ضلع کا درجہ ملنے کے بعد حب کو بھی مکمل اے ایریا قرار دیدیا گیا تھا۔

MASHRIQ QUETTA

## کمرشل ٹرانسپورٹر مالکان گاڑیوں کے روٹ پرمٹس اور فٹنس سرٹیفکیٹ کو یقینی بنائیں، سیکرٹری آر ٹی اے

**آر ٹی اے کی ٹیم نے سیکرٹری کوئٹہ ڈویژن کی سربراہی میں نے این 50 پر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی کمرشل گاڑیوں کیخلاف کاروائی کی**

**ٹیم نے موٹروے پولیس، ضلع انتظامیہ پشین اور لیویز فورس کی مدد سے 24 گاڑیوں کو چالان کیا، 12 بسوں اور ٹرکس سے غیر ضروری لائٹس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کمشنر، چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی ہدایت پر سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ ڈویژن علی درانی نے این 50 زیارت کراس خانوزئی روڈ پر موٹروے پولیس، ضلع انتظامیہ پشین اور لیویز فورس کے ہمراہ کمرشل گاڑیوں، بسوں، ٹرک، ویگن اور پک اپ کے روٹ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور ڈرائیوروں کے پی ایس وی لائسنس چیک کیے جبکہ 24 گاڑیوں کو موٹروے پولیس قوانین کے تحت چالان اور 12 بسوں اور ٹرکس سے غیر ضروری لائٹس بھی اتاری گئیں۔ سیکرٹری آر ٹی اے کی ٹیم میں سپرنٹنڈنٹ حمید، انچارج ریکارڈ ٹرکس تیمور شاہ، غلام نبی انچارج ریکارڈ لوکل بس مرزا خان نے حصہ لیا جبکہ موٹروے پولیس کے پیٹرول آفیسر مقصود سمیت دیگر افسران کاروائی میں شامل تھے ضلع انتظامیہ پشین کی جانب سے انچارج بوستان لیویز تھانہ بشیر آغا نے لیویز جوانوں کے ہمراہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

## طلباء کو جدید علوم سے روشناس کرانے کو ترجیحی دی جائے، ڈی ای او کوئٹہ

**شیر احمد سمالانی نے ای ڈی او مقصود سمالانی کے ہمراہ پولیس لائن سکول کا معائنہ کیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) شیر احمد سمالانی اور ای ڈی او حاجی مقصود سمالانی نے جمعہ کو گورنمنٹ بوائز ماڈل اسکول پولیس لائن کا دورہ کیا اس موقع پر ادارے میں تدریسی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران اسکول میں موجود اساتذہ و دیگر اسٹاف کی حاضری چیک کی گئی جبکہ مختلف کلاس رومز کا معائنہ کرتے ہوئے طلباء سے تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق سوالات بھی کیے گئے۔ اساتذہ کو ان کی تدریسی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے موقع پر ہی آن جاب سپورٹ فراہم کی گئی۔ اس موقع پر اسکول کے پرنسپل ثناء اللہ کاکڑ نے ادارے کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا ڈی ای او شیر احمد سمالانی نے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور اسکول کے مجموعی تعلیمی ماحول اور اساتذہ کی کارکردگی کو حوصلہ افزا اور تسلی بخش قرار دیا۔ ڈی ای او شیر احمد سمالانی نے ہدایت دی کہ جماعت ششم تا ہشتم کے طلباء کے لیے "آرٹیفیشل انٹیلیجنس" (AI) کی افادیت پر مبنی ہفتہ وار سیشنز کا باقاعدہ آغاز کیا جائے تاکہ طلباء کو جدید علوم سے روشناس کرایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول میں تعلیم کے فروغ کیلئے ہر مضمون کے ابتدائی پانچ اسباق پر مشتمل تشخیصی ٹیسٹ لیے جائیں تاکہ طلباء کے سیکھنے کی سطح کا جائزہ لیا جا سکے، طلباء کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے لیے کرکٹ اور فٹبال کے مقابلے منعقد کیے جائیں انہوں نے کہا کہ ہنگامی بنیادوں پر تعلیمی اداروں کے دوروں کا سلسلہ جاری رہے گا تاکہ نظام تعلیم میں بہتری کو یقینی بنایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 7

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 17

# ریکوڈک کمپنی کی جانب سے ہیلتھ سنٹر میں یونٹ کا افتتاح

## نوزائیدہ بچوں کیلئے سٹیبلائزیشن اور حفاظتی ٹیکوں کی سہولیات میسر ہونگی

## پائیدار کان کنی کیلئے کمیونٹی کی ترقی اہم ہے، جی ایم رائن مچل کا خطاب

چاغی (نمائندہ ایکسپریس) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) کی جانب سے انڈس اسپتال و ہیلتھ نیٹ ورک (آئی ایچ ایچ این) کے اشتراک سے ضلع چاغی کے گاؤں ہمبے میں قائم کمیونٹی ہیلتھ سینٹر میں ایک مکمل سہولیات سے آراستہ ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت (ایم این سی ایچ) یونٹ کا افتتاح کردیا گیا۔ اس میں خواتین میڈیکل آفیسرز کی موجودگی، محفوظ زچگی کے لیے خصوصی یونٹ، نوزائیدہ بچوں کے لئے اسٹیبلائزیشن، زچگی کے بعد دیکھ بھال، خاندانی منصوبہ بندی اور حفاظتی ٹیکوں کی سہولیات بھی شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، ماں کی صحت اور فلاح کے متعلق آگاہی کے لئے کمیونٹی ایجوکیشن پروگرام بھی اس کا حصہ ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آر ڈی ایم سی کے جنرل مینیجر مسٹر رائن مچل نے کہا ریکوڈک مائننگ کمپنی کے لئے پائیدار کان کنی کا مطلب صرف معدنیات نکالنا نہیں بلکہ کمیونٹی کی ترقی میں کردار ادا کرنا بھی ہے۔ ہم صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری کو مقامی خاندانوں کی زندگی بہتر بنانے کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اس مرکز کے قیام کے بعد سے اب تک 5,200 سے زائد مریضوں کو ابتدائی طبی معائنے کی سہولت دی جا چکی ہے، 13,000 سے زائد افراد کو صحت سے متعلق آگاہی پروگراموں کے ذریعے معلومات فراہم کی گئی ہیں، سینکڑوں افراد کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے اور 390 سے زائد ریپڈ ڈائیگنوسٹک ٹیسٹ کیے گئے۔ ان خدمات کی فراہمی میں تجربہ کار طبی عملہ کا اہم کردار بھی شامل ہے جس میں جنرل فزیشنز، نرسیں، فارماسسٹ، لیبارٹری ٹیکنیشنز، ویکسی نیٹرز اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز شامل ہیں۔

# وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا 10 سال سے بلاک شناختی کارڈ کھول دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار عبداللہ نے درخواست دائر کی تھی کے نادرا نے ان کا شناختی کارڈ وجہ بتائے بغیر 10 سال سے بلاک کیا ہے۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے اس سلسلے میں نادرا آفس سے رابطہ کیا مختلف کمیٹیوں کے سامنے پیش ہوئے مگر ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ بالاخر مجبور ہوکر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل افس کوئٹہ کے عملے نے انکوائری کا آغاز کیا اور نادرا عملے کو طلب کر کے جواب مانگا۔ نادرا کا عملہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کئے کہ فوری طور پر درخواست گزار کا شناختی کھول دیا جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا شناختی کارڈ کھول دیا۔ درخواست گزار نے وفاقی محتسب کے اس احسن اقدام پر شکریہ ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 12


# ژوب بائی پاس کی تعمیر کیلئے جلد اقدامات کئے جائیں، بلوچستان اسمبلی

**چار قراردادیں منظور کرلی گئیں**

## بائی پاس کی تعمیر میں صوبائی حکومت خصوصی دلچسپی لے، فضل قادر مندوخیل کی قرارداد، ڈاکٹر مالک اور دیگر کی جانب سے حمایت

**پیدائش اندراج کیلئے عمر کی حد 30 سال کرنے، این اے 260 کی تقسیم اور ڈاکٹر مہر اللہ ترین کو سرکاری سطح پر شہید قرار دیا جائے، ارکان اسمبلی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے ژوب بائی پاس منصوبہ پر فی الفور عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنانے، پیدائش کے اندراج کیلئے 20 سال کے بجائے عمر کی حد 30 سال کرنے، قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 260 کو قومی اسمبلی کے دو حلقوں میں تقسیم کرنے اور ڈاکٹر مہر اللہ ترین کو سرکاری سطح پر شہید قرار دینے سے متعلق چار قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلیں، ضلع پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے کی قرارداد محرک کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردی گئی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 40 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہو۔ اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے رکن اسمبلی فضل قادر مندوخیل نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ژوب شہر کے درمیان سے روزانہ کی بنیاد پر بلوچستان سے خیبر پختونخواہ اور پنجاب جانے والی بھاری گاڑیاں جن میں ٹرک اور ٹرالرز شامل ہیں گزرتے ہیں جس کی وجہ سے ژوب شہر میں ہمہ وقت شدید ٹریفک جام رہتا ہے جس کی وجہ سے روز مرہ زندگی بری طرح متاثر ہورہی ہے خاص طور پر ایمرجنسی کی صورتحال میں ایمبولینسز میں موجود مریض بروقت اسپتالوں میں نہ پہنچنے کی وجہ سے راستے ہی میں دم توڑ دیتے ہیں اس کے علاوہ کاروباری سرگرمیاں اور تعلیمی نظام بھی بری طرح متاثر ہورہا ہے ان تمام مشکلات کے سدباب کے لئے ژوب بائی پاس منصوبہ جو شہر کو بھاری ٹریفک کے دباو سے نجات دلانے کے لئے ازحد ضروری ہے یہی وجہ ہے کہ عوام کو درپیش مشکلات کے سدباب کی خاطر این ایچ اے کی جانب سے اس منصوبہ کی مالی بولی 25 اپریل 2024 میں کھولی گئی لیکن تقریبا ایک سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے مذکورہ منصوبے کا ٹھیکہ نہ تو کسی ٹھیکیدار کو ایوارڈ کیا اور نہ ہی اس پر اب تک کام کا آغاز ہوا ہے، یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر وفاقی حکومت اور این ایچ اے سے رجوع کرے کہ ژوب کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مذکورہ منصوبے پر فی الفور عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنایا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ اپنی قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک اہم منصوبہ ہے جس پر عمل درآمد سے ژوب کے عوام کو مشکلات سے نجات مل جائے گی۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ژوب بائی پاس کی تعمیر ناگزیر ہے۔ صوبائی حکومت اس کی تعمیر میں خصوصی دلچسپی لے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے زرک مندوخیل اور جمعیت علما اسلام کے اصغر علی ترین نے بھی قرارداد کی حمایت کی، بعدازاں ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے رکن فضل قادر مندوخیل نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان محکمہ بلدیات و دیہی ترقی نے 21 جنوری 2021، کو پیدائش کے اندراج کا جدول اور فیس مقرر کرنے کی بابت ایک اعلامیہ جاری کیا جس کے تحت لیٹ اندراج کی صورت میں 10 سال سے زائد اور 20 سال سے رکن چیئرمین، ایڈمنسٹریٹر، مقامی کونسل بعد از تصدیق رہائش بتوسط متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور متعلقہ میڈیکل سپر یٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو اسپتال جبکہ 20 سال سے زائد عمر ہونے پر درخواست دہندہ سول جج کی عدالت سے رجوع کرے گا، مذکورہ اعلامیہ سے صوبہ کے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے چونکہ صوبے کے عوام کی اکثریت غریب آبادی پر مشتمل ہے اور ان کے پاس اتنے وسائل نہیں کہ سول جج کی عدالت میں اپنی درخواستیں دائر کرنے کی بابت وکلاء کی خدمات حاصل کرسکیں لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ لیٹ اندراج کے لئے 20 سال کے بجائے 30 سال عمر کرنے اور سول جج کی بجائے اختیارات چیئرمین و ایڈمنسٹریٹر مقامی کونسل کو تفویض کرنے کی بابت ضروری اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ صوبے کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ جمعیت علمائے اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ این اے 260 رخشان ڈویژن رقبے اور آبادی کے لحاظ سے بلوچستان کا سب سے بڑا قومی اسمبلی کا حلقہ ہے اور رخشاں ڈویژن پسماندہ ترین علاقوں پر مشتمل ہے، یہاں کے عوام غربت اور پسماندگی کی زندگی گزار رہے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ رخشان ڈویژن جو قومی اسمبلی کے ایک حلقے پر مشتمل ہے کو قومی اسمبلی کے دو حلقے بنانا ازحد ضروری ہے، لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ قومی اسمبلی کے حلقے این اے 260 جو واشک، خاران، نوشکی اور چاغی پر مشتمل ہے کو قومی اسمبلی کے دو حلقے کرانے کی منظوری دینے کی بابت عملی اقدامات کو یقینی بنائے تاکہ علاقے کے لوگوں میں پائی جانیوالی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ہوسکے۔ اپنی قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے زاہد علی ریکی نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کو واشک کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی کا یہ حلقہ اس قدر وسیع ہے کہ 5 سال کے دوران ایک رکن قومی اسمبلی ایک ضلع کو بھی کور نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کی اس نشست کو دو حلقوں میں تقسیم کیا جائے۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ گزشتہ مردم شماری میں بلوچستان کی 86 لاکھ آبادی کم ظاہر کی گئی جس کے باعث صوبے کی 3 قومی اسمبلی کی نشستیں کم ہوئیں، بارہا توجہ دلانے کے باوجود وفاق نے اس مسئلے کو نظر انداز کیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قومی اسمبلی کا یہ حلقہ رقبے کے اعتبار سے خیبر پختونخوا کے کل رقبے کے برابر ہے، اسے دو حلقوں میں تقسیم کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔ جمعیت علما اسلام کے رکن غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ قومی اسمبلی کا یہ حلقہ 14 اضلاع پر مشتمل ہے اسے دو حلقوں میں تقسیم کیا جائے۔ پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے کہا کہ مذکورہ حلقے کو دو نہیں بلکہ تین حلقوں میں تقسیم کیا جائے اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستیں بڑھائی جائیں۔ بعدازاں ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہے کہ صوبہ بلوچستان کے مرکزی شہر کوئٹہ میں 27 مارچ 2025 کو بروری مارکیٹ کے سامنے گزرنے والی پولیس موبائل وین کے قریب ایک زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں پولیس اہلکاران و دیگر معصوم شہریوں کو کافی نقصان پہنچا اس دھماکے میں کئی معصوم اور بے گناہ افراد نے جام شہادت نوش کی اس دھماکے کی زد میں آکر بلوچستان کے ایک مایہ ناز ڈاکٹر مہر اللہ خان ترین ماہر امراض کینسر بھی شہید ہوئے، ان کی شہادت سے صوبے کو طب کے شعبے میں بے حد نقصان ہوا ہے، یقیناً ڈاکٹر مہر اللہ ترین کی صوبے کے غریب عوام، نادار مریضوں کیلئے گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ ڈاکٹر مہر اللہ ترین کو سرکاری سطح پر شہید قرار دیا جائے اور ان کی صوبے کیلئے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں صوبے میں نئے تعمیر ہونیوالے کینسر اسپتال کو بھی شہید ڈاکٹر مہر اللہ خان ترین کے نام سے منسوب کیا جائے۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جمعیت علما اسلام کے رکن ڈاکٹر نواز کبزئی نے بھی قرارداد کی حمایت کی، بعدازاں ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ جمعیت علمائے اسلام کے سید ظفر علی آغا کی عدم موجودگی کے باعث اسپیکر نے ضلع پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے کے حوالے سے ان کی قرارداد آئندہ اجلاس تک کیلئے موخر کردی۔ اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے میر اسد اللہ بلوچ نے توجہ دلاو نوٹس پیش کرتے وزیر برائے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کی توجہ مبذول کرتے ہوئے کہا کہ سال 2024۔ 25 کے پی ایس ڈی پی میں تمام اضلاع کے لئے ترقیاتی اسکیم بذریعہ متعلقہ محکمہ جات کانسیپٹ پیپر کے ساتھ تجویز کئے گئے تھے جس پر تمام اضلاع کے لئے تجویز کردہ ترقیاتی منصوبوں کو حکومت کی جانب سے پی ایس ڈی پی 2024۔ 25 میں شامل کیا گیا لیکن پی بی 29 پنجگور کے لئے تجویز کردہ کسی بھی ترقیاتی منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے پی بی 29 پنجگور کے عوام میں شدید مایوسی پائی جارہی ہے، پی بی 29 پنجگور کے لئے محکمانہ تجویز کردہ منصوبوں کو پی ایس ڈی پی 2024۔ 25 میں شامل نہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے میرے فارم ہاوس کیلئے نہیں عوام کیلئے فنڈز چاہئیں اگر میرا حلقہ پاکستان میں شامل نہیں تو اس کو نکال دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف میرے حلقے کے فنڈز بند کردیئے گئے ہیں بلکہ سیاسی بنیاد پر انتقامی کارروائیاں کی جارہی ہیں، صوبے میں ایسے لوگوں کو فنڈز دیئے جارہے ہیں جو اسمبلی کے رکن بھی نہیں اور نہ ہی انہوں نے الیکشن میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ 3 لاکھ لوگ جب مایوس ہوں گے تو یقیناً سڑکوں پر نکلیں گے، کسی کی میرے ساتھ اگر کوئی ذاتی دشمنی ہے تو علاقے کے لوگوں کو تو نشانہ نہ بنائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ پی ایس ڈی پی اور بجٹ میں انصاف کے تقاضے پورے کرے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ میر اسد بلوچ کی اپنے حلقے کیلئے خدمات کی قدر کرتے ہیں، بجٹ میں حکومت اور اپوزیشن نہیں بلوچستان کو دیکھا جاتا ہے، بعدازاں اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹانے کی رولنگ دی۔ جماعت اسلامی کے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے وزیر برائے محکمہ آبپاشی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ بسول ڈیم منصوبہ اور ماڑہ پر کام گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے اور ہر سال بجٹ میں مذکورہ منصوبے کیلئے خطیر رقم مختص کی جاتی ہے لیکن اس کے باوجود پراجیکٹ پر تاحال کام مکمل نہیں ہوا، بتایا جائے کہ بسول ڈیم منصوبہ اور ماڑہ پر اب تک کل کتنے اخراجات آئے ہیں اور یہ پراجیکٹ کب تک مکمل ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


# خطے میں امن واستحکام کیلئے ذمہ دارانہ طرز عمل ناگزیر ہے، علی مردان ڈومکی

**کشیدگی کا تسلسل نہ صرف پاک بھارت بلکہ پورے خطے کیلئے نقصان دہ ہے، سابق وزیراعلیٰ**

**پاک افواج چوکنا پوری قوم دفاع وطن کیلئے انکی شانہ بشانہ ہے، حالیہ کشیدگی پر اظہار خیال**

کوئٹہ (اے پی پی) سابق نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے کہا ہے کہ خطے میں امن واستحکام کیلئے ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ کشیدگی کا تسلسل نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے خطے کیلئے نقصان دہ ہے اپنے جاری ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ پاکستان ایک پُرامن ملک جو ہمیشہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور .......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


سفارتی ذرائع کو ترجیح دیتا آیا ہے تاہم اگر ملکی خودمختاری یا سلامتی کو کوئی خطرہ درپیش ہو تو پاکستان کی عوام اپنی سرزمین کے دفاع کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کو ہمہ وقت تیار ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج مکمل طور پر مستعد اور ہمہ وقت چوکنا اور پوری قوم دفاع وطن کیلئے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور یہ بات واضح ہے کہ وطن عزیز کی سالمیت، وقار اور خودمختاری کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ موجودہ حالات میں دانشمندی، بردباری اور تدبر کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے تاکہ جنوبی ایشیاء کے عوام کو امن ترقی اور خوشحالی کا ماحول میسر آسکے انہوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ کشیدگی کم کرانے میں مثبت کردار ادا کرے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 18

# بلوچستان کے معاملات حل کیے بغیر ترقی ناممکن ہے، شاہد خاقان

## تمام مسائل کی جڑ آئین سے انحراف، قانون کی حکمرانی نہیں، ہمیں آئین پر عمل کرنا ہوگا، پریس کانفرنس

### ملک آئین کے مطابق نہیں چل رہا، انصاف نہ ملنے سے آج کا نوجوان مایوسی کا شکار ہے، وکلاء سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات کو سمجھنا سب کی ذمہ داری ہے، بلوچستان کے حالات سمجھے اور حل کیے بغیر ملکی معیشت اور ترقی ناممکن ہے۔ یہ ممکن نہیں کہ بلوچستان میں انتشار ہو اور پاکستان ترقی کرے، تمام مسائل کی جڑ آئین سے انحراف ہے، ملک میں قانون کی حکمرانی نہیں، ہمیں آئین پر عمل کرنا ہوگا، لاپتہ افراد کا مسئلہ انسانی حقوق کا مسئلہ ہے جو لاپتہ ہیں وقت نے ثابت کیا کہ احتساب کے نام پر صاف شفاف احتساب نہیں ہوسکا یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر سردار مہتاب احمد خان، ڈاکٹر ظفر مرزا، فاطمہ عارف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا مقصد سیاسی مفادات کا حصول نہیں بلکہ بلوچستان کے موجودہ حالات کا جائزہ لینا اور عوامی مسائل کو سمجھنا ہے، یہ ممکن نہیں کہ بلوچستان میں بدامنی ہو اور ملک اس کے اثرات سے محفوظ رہے، بلوچستان کے حالات اس وقت ٹھیک نہیں ہوسکتے جب تک بلوچستان کے عوام کو ان بنیادی حقوق نہیں دیئے جاتے، ملک میں جاری سیاسی اور معاشی انتشار نے بلوچستان کو بھی اپنی لپیٹ میں لیا ہے اور جب تک یہ انتشار ختم نہیں ہوگا تب تک ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا، قومی ذمہ داری کا احساس کرکے بلوچستان آکر مختلف مکاتب فکر کے لوگوں سے ملاقات کی اور حالات معلوم کیے۔ انہوں نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کا حل کیا ہے، بلوچستان کا نوجوان مایوس اور پہاڑوں پر کیوں جارہے ہیں بلوچستان کے مسئلے کا حل آئین میں موجود ہے، جب تک آئین سے انحراف کریں گے مسائل حل نہیں ہوں گے آئین پہلا چیپٹر ہے اگر ہم اس سے انحراف کریں گے آئین توڑیں گے تو نوجوان مایوس ہوں گے، دہشت گردی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ اس کی وجوہات کا تدارک بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں قانون کی حکمرانی نہ ہونے کے باعث ترقی رک گئی ہے، کرسی کے ساتھ جہاں طاقت آتی ہے وہاں ذمہ داریاں بھی آتی ہیں ذمہ داریاں احسن طریقے سے نہ نبھانے سے مسائل کا حل ممکن نہیں عوام کو آئین کے مطابق حق دیا جائے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر وسابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان کے ہر مسئلے کے حل کی حقیقت قانون کی حکمرانی میں ملے گی وسائل اور آئین میں دیئے گئے حقوق کے اعتبار سے بلوچستان کو سب سے امیر صوبہ ہونا چاہیے۔ انصاف نہ ہونے کی وجہ سے آج کا نوجوان مایوسی کا شکار ہے۔ ہمارا ملک آئین کے مطابق نہیں چل رہا اور نہ ہی ملک میں قانون اور آئین کی حکمرانی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ میں بلوچستان ہائی کورٹ بار روم میں وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ملک کے مسائل کی تو بات کی جاتی ہے۔ مگر انکے حل کی بات نہیں کی جاتی۔ ہماری جماعت کا مقصد مسائل کے حل کے لئے بات کرنا ہے ہمارا مقصد پولیٹیکل پوائنٹ اسکورنگ نہیں۔ ناانصافی ملک کی جڑ کو کھوکھلا کردیتی ہے جب آئین کو پامال کیا جاتا ہے تو انصاف کیسے رہے گا۔ انصاف نہ ہونے کی وجہ سے آج کا نوجوان مایوسی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ اگر آئین سے متصادم ہے تو غلط ہے، آئین کے اندر جو حقوق صوبے کو دیئے گئے ہیں وہ صوبے کو دینے چاہیے۔

# سنجاوی میں لاشیں پھینکنے کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں، پشتونخوا میپ

## کسی کو اپنے وسائل پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دینگے، قہار ودان، کبیر افغان اور دیگر کا خطاب

زیارت (پ ر) پشتونخوا میپ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی ہے، سنجاوی میں لاشیں پھینکنے، خوف وہراس پھیلانے کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں، عوام کے وسائل، معدنیات، زمینوں پر قبضوں، الاٹمنٹ کی صورتحال سب کے سامنے ہے کسی کو اپنے وسائل پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دینگے اور نہ ہی عوام کو فارم 47 کی حکومت کے اس قسم کے ناروا اقدامات قابل قبول ہیں، اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی کا عوام دشمنی پر مبنی رویہ قابل مذمت ہے، اعلیٰ حکام اس کا نوٹس لیں، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہیں، زیارت، سنجاوی سیر وسیاحت کا ایک اہم مقام ہے لیکن حکومتی عدم توجہی اور امن وامان کی ابتر صورتحال کے باعث یہ سیاحتی مرکز ویران ہوچکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمان بازئی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار حبیب الرحمان دمڑ، ضلع سیکرٹری سردار میر واکس خان نے پشتونخوا میپ ضلع زیارت کے ضلعی کمیٹی کے ماہانہ، تحصیل زیارت کمیٹی اور سنجاوی تحصیل کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ منعقدہ اجلاسوں میں ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی، تحصیل ایگزیکٹیوز، تحصیل کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ منعقدہ اجلاسوں میں پارٹی کی تنظیمی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔

# 15 مئی ایمانی غیرت اور سیاسی بیداری کا دن ہوگا' مولانا عبدالواسع

## قائد جمعیت کا ولولہ انگیز خطاب کوئٹہ سے دنیا بھر میں گونجے گا' آغا محمود شاہ' دلاور کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ اور صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے کہا ہے کہ 15 مئی کا "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" محض ایک احتجاجی مظاہرہ نہیں بلکہ ملتِ اسلامیہ کی ایمانی غیرت، سیاسی بیداری اور مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ عملی یکجہتی کا ایک عہدِ نو ہے۔ جمعیت بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ کی سرزمین 15 مئی کو ایک ایسا تاریخ ساز دن دیکھنے جارہی ہے جہاں لاکھوں اہل ایمان، غیرت مند فرزندان اسلام اور جمعیت کے کارکن قبلہ اول کے تحفظ، فلسطینی مظلوموں کی حمایت اور صیہونی ظلم واستبداد کے خلاف متحد ہوکر اعلان کریں گے کہ امتِ مسلمہ ابھی زندہ ہے رہنماؤں نے کہا کہ مارچ کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوچکی ہے ہر ضلع، ہر یونٹ، ہر کارکن متحرک ہے گلی گلی، کوچہ کوچہ، بازار بازار پیغامِ فلسطین کو عام کیا جارہا ہے 15 مئی کا دن فکری انقلاب، سیاسی شعور اور دینی حمیت کے اظہار کا دن ہوگا، جب قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کی بصیرت افروز اور ولولہ انگیز خطاب کوئٹہ سے دنیا بھر میں گونجے گا۔

# غیر آئینی اقدامات سے ملکی مسائل میں اضافہ ہوگا' جمعیت نظریاتی

## جن ارکان نے پارٹی پالیسی کیخلاف مائنز اینڈ منرلز کی حمایت کی ان سے وضاحت طلب کی جائے' مولانا لونی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، سیکرٹری جنرل مفتی شفیع الدین، سیکرٹری اطلاعات حاجی عبدالستار چشتی اور سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے حوالے سے بلوچستان کی اپوزیشن جماعتوں کے ارکان کی حمایت کے حوالے سے پارٹی پالیسیوں

کھڑے ہیں اور وطن عزیز کی ایک ایک انچ زمین کا دفاع کرنے کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علمائے اسلام تحصیل بنجپائی کی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 15 مئی کو ہونے والا یہ ملین مارچ صرف ایک احتجاج نہیں، بلکہ یہ ہماری ایمانی غیرت اتحاد اور مظلوم مسلمانوں کے ساتھ لازوال رشتے کا مظہر ہوگا۔ ہم بلوچستان کے تمام غیور عوام، علمائے کرام، مشائخ عظام، طلباء، نوجوانوں اور ہر مکتبہ فکر سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس تاریخی مارچ میں بھرپور شرکت کرکے اپنی ایمانی قوت اور فلسطینیوں کے ساتھ اپنی مضبوط یکجہتی کا ثبوت دیں یہ وقت خاموش رہنے کا نہیں، بلکہ ظلم کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بننے کا ہے۔ آیئے، 15 مئی کو کوئٹہ کی سڑکوں پر نکل کر دنیا کو یہ پیغام دیں کہ ہم اپنے مظلوم بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور اپنی سرزمین کا دفاع کرنا جانتے ہیں۔

# عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائینگے' ہدایت الرحمان

## امیر جماعت اسلامی کی کیسکو حکام سے ملاقات' گوادر میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ ودیگر مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور حق دو تحریک کے وائس چیئرمین ماجد جوہر، وسیم صمد، کونسلر عبدالواحد، سفیان بلوچ اور صدام نے گزشتہ روز کیسکو حکام ایس ای مکران ڈویژن حسن مگسی اور چیف کیسکو امیر علی بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر میں بجلی کے وولٹیج میں کمی بیشی، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، ایران اور نیشنل گریڈ کی بجلی کی تقسیم کے طریقہ کار، غیر قانونی کنکشن، نئے فیڈر کی ضرورت سمیت مختلف اہم معاملات پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ ہمارا بنیادی مشن ہے کہ گوادر سمیت پورے بلوچستان کے عوام کو بجلی سمیت ہر بنیادی ضرورت میسر ہو۔ بلوچستان کے عوام کا حق ہے کہ انہیں چوبیس گھنٹے بجلی میسر ہو۔ بجلی، گیس، روزگار، امن اور ترقی سے محروم بلوچستان کے عوام آج انسانی حقوق کو ترس رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم گوادر کے عوام کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، کیسکو حکام سخت گرمی میں عوام کو بجلی کی فراہمی یقینی بنائیں۔ جلد گوادر میں بجلی کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

# بلوچستان میں امن بیانات دینے سے قائم نہیں ہوگا' جمعیت نظریاتی

## صوبے میں حکومت کی رٹ نظر نہیں آرہی' جان محفوظ ہے نہ کسی کا مال' قاری مہر اللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ قاری عبید اللہ حقانی مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی منہاج الدین مفتی عبدالوحد مولانا عزیز اللہ ذاکری حافظ امین اللہ نے جماعت فعالیت مہم کے سلسلے میں جمعیت نظریاتی مشرقی بائی پاس زون کے یونٹوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا [illegible] محض بیانات [illegible] دینے سے امن قائم نہیں ہوسکتا بدامنی اور دہشت گردی کے واقعات کے باعث بلوچستان نوگو ایریا بن چکا ہے صوبے میں حکومت کی کوئی رٹ نظر نہیں آرہی لوگوں کی جان محفوظ ہے نہ مال رہنماؤں نے کہا کہ کارکن عوامی رابطہ مہم شروع کردیں غلامی' موروثی اور جاگیردارانہ سیاست سے نجات کیلئے نظریاتی سیاست جاری ر[illegible] ہے [illegible] جمعیت نظریاتی کی سیاست لسانیت اور قبائلیت سے بالاتر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4    Dated: 03 MAY 2025    Page No. 20

## نوکنڈی میں فائرنگ، مقامی قبائلی رہنما جاں بحق

### حملہ آور سفید رنگ کی گاڑی میں سوار تھے، لیویز نے ملزمان کی تلاش کا آغاز کر دیا

نوکنڈی (نامہ نگار) نوکنڈی میں قومی شاہراہ پر واقع ہوٹلوں کے قریب فائرنگ سے قبائلی رہنما گہور خان مندازئی جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق حملہ آور سفید رنگ کی گاڑی میں سوار تھے۔ فائرنگ سے گہور خان شدید زخمی ہوئے۔ انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے ہی میں دم توڑ گئے۔ واقعے کے بعد حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ حملے کی وجوہات تا حال سامنے نہیں آسکیں۔ لیویز فورس نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، اور حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔ مقامی سطح پر اس واقعے نے شدید تشویش اور غم و غصے کی لہر دوڑا دی ہے، جبکہ قبائلی عمائدین نے واقعے کی فوری تحقیقات اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

### حب: کمرے سے لاش برآمد

حب (نامہ نگار) نجی ٹیکسٹائل کمپنی کے رہائشی کمرے سے نوجوان مزدور 30 سالہ عمیر ولد رشید کی لاش برآمد ہوئی ہے کمپنی انتظامیہ کے مطابق متوفی 2 سال سے کمپنی میں کام کر رہا تھا پولیس کے مطابق معاملہ بظاہر خودکشی کا لگ رہا ہے۔

### منگچر قومی شاہراہ پر دھماکہ
### پل کو معمولی نقصان پہنچا

قلات (نامہ نگار) منگچر کے علاقے رحیم آباد میں قومی شاہراہ پر پل کے نیچے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے پل کو معمولی نقصان پہنچا واقعہ میں گاڑیاں محفوظ رہیں اور کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

## اوستہ محمد، منشیات فروش اور فراڈ کیس کا ملزم گرفتار

### ملزم کے قبضے سے 500 گرام چرس اور 16 عدد آئس کی پڑیاں برآمد

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی بڑی کامیابی منشیات فروش گرفتار، اور فراڈ کے کیس میں ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد گل حسن بہرانی کی مؤثر نگرانی میں انچارج 15 مددگار فورس اوستہ محمد اے ایس آئی صدام حسین بھٹی، مختیار علی معہ دیگر ملازمان پولیس کے ہمراہ دوران ناکہ......

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

بندی انتہائی اہم کارروائی کرتے ہوئے غلام مرتضیٰ ولد محمد خان قوم چانڈیہ ساکن شہید مراد کالونی اوستہ محمد کو مشکوک جان کر روکا۔ تلاشی کے دوران ملزم کے قبضے سے 500 گرام چرس اور 16 عدد آئس کی پڑیاں برآمد ہوئیں، جو کہ نوجوان نسل کو برباد کرنے والے زہریلے نشے ہیں۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی ایک کھیپ شہر میں پھیلنے سے پہلے ہی پکڑ لی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے تاکہ منشیات کے نیٹ ورک کا مکمل سراغ لگایا جا سکے۔ دوسری کارروائی میں فراڈ کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گل حسن ولد مہر علی قوم جنک ساکن جعفر کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کر لیا گیا اور مقدمہ درج کر دیا گیا مزید کاروائی مقامی پولیس کر رہی ہے اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

INTEKHAB QUETTA

## مستونگ، رات گئے بس پر فائرنگ، 6 افراد زخمی

### کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد نے اندھا دھند گولیاں برسا دیں، زخمی اسپتال منتقل

مستونگ (انتخاب نیوز) مستونگ میں رات گئے بس پر فائرنگ 6 افراد زخمی ہوگئے، مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں نامعلوم افراد نے بس پر اندھا دھند گولیاں برسا دیں، ابتدائی اطلاع کے مطابق 6 افراد زخمی ہوگئے، جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

CamScanner

# پوش علاقوں کی طرح نواحی آبادیوں میں بھی صفائی کرائی جائے، اہلیان مشرقی بائی پاس

## بارشوں سے قبل نالے کی صفائی ہنگامی بنیادیوں پر کرائی جائے بصورت دیگر احتجاج کریں گے، محمد شریف بلوچ

### نالے کی بندش سے گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے پیدل چلنے والے لوگوں کو پریشانی کا سامنا ہے،، میر ہزار خان سمالانی ودیگر

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) مشرقی بائی پاس کے مکینوں نے کہا ہے کہ پوش علاقوں میں صفائی کی صورتحال میں بہتری، آئی ہے اب نواحی علاقوں پر بھی توجہ دی جائے، نکاسی اب کے نالے کو ہنگامی طور پر صاف کرایا جائے، گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے کاروباری اور رہائشیوں کو مشکلات کا سامنا ہے ،مسائل حل نہ کیے گئے تو روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا جائے گا، ان خیلات کا اظہار مشرقی بائی پاس کے مکینوں محمد شریف بلوچ، میر ہزار خان سمالانی، محب اللہ ملاخیل، عبدالرازق اسحاقزئی، حاجی صالح بلوچ، حاجی امان اللہ اسحاق زئی ودیگر نےمشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، مکینوں کا کہنا تھا کہ مشرقی بائی پاس وگردنواں کے علاقے مسائلستان چکے ہیں، نکاسی اب کو بڑا بکرا منڈی میں ڈبل روڈ کے ساتھ سیلابی نالہ گزشتہ ایک سال سے بند ہے گلی نمبر 1 سے لیکر گلی نمبر 7 تک روڈ تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے، مین روڈ کے دوکاندار اور پیدل انے جانے والے



نالہ گزشتہ ایک سال سے بند ہے، جس سے سڑک پر کھڑا گندا پانی راہ گیروں کے لیے پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی ہیوی مشینری کے ذریعے نالے کی فوری صفائی کرائی جائے ،ورنہ، مسئلہ حل نہیں کیا گیا تو روڈ بلاک کر کے ٹائر جلا کر احتجاج کرینگے مشرقی بائی پاس گنج مسافروں کو بدبو اور کیچڑ کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہے، روڈ پر بند گٹروں کا پانی بہنے کی وجہ سے پھسلن میں اضافہ ہوگیا ہے جس کی وجہ سے آئے روز ٹریفک حادثات رونما ہورہے ہیں مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔



# چاغی، کنٹریکٹ اساتذہ سات ماہ سے تنخواہوں سے محروم

## گوادر میں کنٹریکٹ ٹیچرز کے تنخواہ جاری ہوئے ہیں وہ مسلسل اپنی تنخواہیں لے رہے ہیں جبکہ یہاں تنخواہوں سے محروم ہیں

### ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ میں بھرتی ہونے والے کنٹریکٹ ٹیچرز کے تنخواہیں پانچ ماہ سے ادانہیں کی گئی ہے جو سراسر ناانصافی ہے، حکام

چاغی (نامہ نگار) ضلع چاغی میں کنٹریکٹ ٹیچرز سات مہینوں سے تنخواہوں سے محروم ہیں۔ گوادر میں کنٹریکٹ ٹیچرز کے تنخواہ جاری ہوئے ہیں وہ مسلسل اپنی تنخواہیں لے رہے ہیں جبکہ ضلع چاغی کے نئے بھرتی ہونے والے کنٹریکٹ ٹیچرز سات مہینوں کے تنخواہوں سے محروم ہیں۔ کچھ ایسے ضلعے ہیں جن کے آرڈرز چاغی کے بعد ہوئے ہیں ان کی تنخواہ بھی ریلیز ہوئے ہیں جبکہ بدقسمت ضلع چاغی کے اہلکار اب بھی تنخواہوں سے محروم ہیں لہذا حکام بالا تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے اقدامات کریں. ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ میں بھرتی ہونے والے کنٹریکٹ ٹیچرز کے تنخواہیں پانچ ماہ سے ادانہیں کی گئی ہے. جو ایک سراسر ناانصافی ہے کنٹریکٹ ٹیچرز نے ڈی سی چاغی عطاء المنعم، ایجوکیشن آفیسر اشوک کمار راجپوت اور خزانہ آفیسر سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ضلع چاغی میں کنٹریکٹ ٹیچرز کی سات مہینوں کی تنخواہ کے ریلیز کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں تاکہ مذکورہ اہلکاروں کی مالی مشکلات اور پریشانی دور ہوسکیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 03 MAY 2025 Page No. 2

# Call for action

Cancer is a deadly disease that has become a major concern for the people of Balochistan. With each passing year, the number of cancer patients in the province is increasing, which should be a matter of great concern for the health authorities. Cancer remains a growing global challenge, posing a significant threat to humanity at large. It is the second leading cause of death globally. The global cancer burden is rising alarmingly, with an estimated 30 million cancer cases and 16 million cancer-related deaths every year. In many districts of Balochistan including that of Chagai, Noushki and Awaran, there have been multiple cancer-related cases in a short span of time. This alarming increase in cancer cases is attributed to several factors, including the lack of awareness, use of tobacco, consumption of unhealthy food, and exposure to harmful chemicals. Reportedly, Quetta recorded 10,924 cancer cases from 1998 to 2009, and an additional 10,000 cases were identified between 2014 and 2017, with a majority of them being women afflicted with breast cancer. Unfortunately, they fail to capture the media's attention due to their residence in a backward province where deprivation is widespread. A significant challenge faced by patients from economically disadvantaged areas is the lack of access to healthcare. Issues such as transportation, financial constraints, and the high cost of treatment often prevent these women from seeking timely care. The lack of adequate facilities forces cancer patients to travel long distances to receive treatment, which is a significant financial burden and adds to the physical and mental stress of patients' families. There is an urgent need to raise awareness about breast cancer, especially in underserved areas, to encourage early detection and treatment. Currently in Balochistan, there are only two institutes that are handling all the cancer load of the region. These are Bolan Medical Complex Hospital Oncology Department, with a total of only 14 beds and Center for Nuclear Medicine and Radiotherapy (CENAR) Quetta which does not fall under the provincial government. A low budget is allocated to provide primary healthcare facilities to cancer patients which could be gauged from the fact that Balochistan still lacks a laboratory to diagnose cancer. It is essential that the government must take urgent measures to address the issue of cancer in Balochistan. The first step in this regard is to create awareness among the people about the risk factors associated with the disease and the preventive measures that can be taken. The government should also invest in cancer treatment facilities and equipment in the province.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

et No.________ Dated: 03 MAY 2025 Page No.________



صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی سے مرکزی صدر اخبار فروش میر احمد راسکو وال ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں



اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء سردار عبدالرحمٰن کھیتران شعیب نوشیروانی عاصم کرد گیلو نوابزادہ طارق مگسی ودیگر اظہار خیال کررہے ہیں



سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے پارلیمانی سیکرٹری فشریز برکت علی رند ملاقات کررہے ہیں